57th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



## اعجاز پٹیل کیوی اسکواڈ میں واپسی

نیوزی لینڈ نے ویسٹ انڈیز کے خلاف تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے تیسرے اور آخری میچ کے لئے اعجاز پٹیل اور ٹام بلنڈل کی ٹیم میں واپسی کی تصدیق کر دی ہے۔ اسپورٹس ویب سائٹ کے مطابق بائیں ہاتھ کے سپنر اعجاز پٹیل کو فاسٹ بولر بلیئر ٹکنر کی جگہ اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے، جو دوسرے ٹیسٹ کے دوران کندھے کی انجری کا شکار ہو گئے تھے (تفصیلات اندر)



## تبدیلی کے ساتھ ٹیم کا اعلان

انگلینڈ نے ایڈیلیڈ اوول میں آسٹریلیا کے خلاف تیسرے ایشز ٹیسٹ کے لیے ایک تبدیلی کے ساتھ اپنی ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے مطابق، مہمان ٹیم نے اپنی الیون میں ایک تبدیلی کی ہے، جس میں گس اٹکنسن کی جگہ جوش ٹونگ کو شامل کیا گیا ہے۔

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 345 | صفحات: 08 | ۱۶ دسمبر ۲۰۲۵ بروز منگلوار بمطابق ۲۴ جمادی الثانی ۱۴۴۷ | Tuesday 16th December 2025 | جلد نمبر 57





# اردن، عمان، اتھوپیا کے ساتھ ہندوستان کے قدیم تعلقات ہیں

## تینوں ملکوں کے دورہ پر روانہ ہونے سے پہلے وزیر اعظم نریندر مودی کے تاثرات

نئی دہلی/ یواین آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی پیر کے روز تین ممالک اردن، ایتھوپیا اور عمان کے چار روزہ دورے پر اردن کے لیے روانہ ہو گئے۔ دورے کے پہلے مرحلے کے لیے روانہ ہونے سے قبل اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ تینوں ممالک کے ساتھ ہندوستان کے قدیم تہذیبی تعلقات کے ساتھ ساتھ جامع عصری دوطرفہ تعلقات بھی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سب سے پہلے وہ شاہ عبداللہ دوم ابن الحسین کی دعوت پر اردن جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی دورہ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 برس مکمل ہونے کی علامت ہوگا۔ مسٹر مودی شاہ عبداللہ دوم ابن الحسین اور اردن کے وزیر اعظم جعفر حسن کے ساتھ تفصیلی بات چیت کریں گے اور ان کی ولی عہد شہزادہ الحسین بن عبداللہ دوم سے بھی ملاقات متوقع ہے۔ مسٹر مودی اردن میں مقیم ہندوستانی برادری کے افراد سے بھی ملاقات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ "میں متحرک ہندوستانی برادری سے بھی ملاقات کروں گا، جنہوں نے ہند-اردن تعلقات میں اہم رول ادا کیا ہے۔" مسٹر مودی اردن سے ایتھوپیا کے اپنے پہلے دورے پر روانہ ہوں گے۔ وہ ایتھوپیا کے وزیر اعظم کی دعوت پر وہاں جا رہے ہیں۔ ایتھوپیا کا دارالحکومت ادیس ابابا افریقی یونین کا ہیڈکوارٹر بھی ہے۔ سال 2023 میں ہندوستان کی جی 20-صدارت کے دوران افریقی یونین کو جی 20-کا مستقل رکن شامل کیا گیا تھا۔ ادیس ابابا میں وہ وزیر اعظم ڈاکٹر ابی احمد علی کے ساتھ تفصیلی بات چیت کریں گے اور وہاں مقیم ہندوستانی تارکین وطن سے ملاقات کریں گے۔ مسٹر مودی ایتھوپیا کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے بھی خطاب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ "مجھے ایتھوپیا کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کا بھی اعزاز حاصل ہوگا، جہاں میں 'لوک تنتر کی جننی' کے طور پر ہندوستان کے سفر اور ہند-ایتھوپیا شراکت داری عالمی جنوبی ممالک (گلوبل ساؤتھ) کے لیے کیا قدر و قیمت لاسکتی ہے،/1






## سب انسپکٹر پر حملے کے الزام میں دو گرفتار

### جموں میں پولیس کارروائی

سرینگر/ کے این ایس/ جموں و کشمیر پولیس نے یہاں گرہ موڑ علاقے میں ایک سب انسپکٹر پر حملے کے سلسلے میں دو ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔ یہ واقعہ اتوار کی شام اس وقت پیش آیا جب سب انسپکٹر نتن کھجوریا، جو پولیس اسٹیشن بخشی نگر میں تفتیشی افسر کے طور پر تعینات تھے، کو 6 سے 7 افراد کے گروپ نے روکا اور حملہ کیا، جن میں رشب اور مناڈی بھی شامل تھے۔ حملہ آوروں نے مبینہ طور پر اس پر تیز دھار ہتھیار سے حملہ کیا اور ایک/3

## راہ گیر کی تلاشی کے دوران


### تین گرام "ہیروئین" برآمد/ پولیس

جموں/ یواین آئی/ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولیس پوسٹ ٹکریال کی ایک ٹیم نے معمول کی گشت کے دوران ایک شخص کو دھر لیا جو کٹرہ سے ٹکری کی طرف پیدل سفر کر رہا تھا۔ تلاشی کے دوران اس کی تحویل سے 3 گرام ہیروئن جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا گیا جس کے بعد اس کو موقع پر ہی گرفتار کیا گیا۔ ملزم کی شناخت شبو حسین ولد کلہ محمد ساکن چک بھگتا ریاسی کے طور پر کی گئی ہے۔

## بائسران پہلگام دہشت گردانہ حملہ، چھ ملزمان کے خلاف چارج شیٹ

### قومی تحقیقاتی ایجنسی (NIA) کی طرف سے تحقیقات کے بعد کارروائی

سرینگر/ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے پہلگام دہشت گردانہ حملہ کیس میں سات ملزمان کو چارج شیٹ کیا، جس میں پاکستان میں مقیم لشکر طیبہ، مزاحمتی محاذ (ٹی آر ایف) دہشت گرد تنظیم بھی شامل ہے۔ چارج شیٹ، جس میں پاکستان کی سازش، ملزمان کے کردار، اور کیس میں معاون شواہد کی تفصیلات شامل ہیں، نے پہلگام حملے کی منصوبہ بندی، سہولت کاری اور اسے انجام دینے میں اس کے کردار کیلئے کالعدم لشکر طیبہ اور ٹی آر ایف کو قانونی ادارے کے طور پر چارج کیا ہے۔ اس حملے میں، جس میں پاک سپانسر شدہ دہشت گردوں کی طرف سے مذہب کی بنیاد پر ٹارگٹ کلنگ شامل تھی، 25 سیاح اور ایک مقامی شہری ہلاک ہوئے۔ این آئی اے کی جانب سے جاری کردہ بیان کے/2




## میری حکومت اہم محکمہ جات کو اپنے ہاتھ میں آنے کا انتظار کر رہی ہے/ وزیر اعلیٰ

### پاور ڈیولپمنٹ پورٹ فولیو میرے پاس ہے مگر ابھی تک واپس نہیں دیا گیا



سرینگر/ یواین آئی/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے واضح کیا ہے کہ مرکزی زیر انتظام علاقے میں زیر تعمیر بجلی منصوبے قومی اہمیت کے حامل ہیں اور ان کی تکمیل میں کسی بھی قسم کی سیاسی یا غیر قانونی مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے جو ان منصوبوں میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پیر کے روز یہاں ایک تقریب کے موقع پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بجلی منصوبوں میں کسی بھی طرح کی مداخلت کو سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔ ان کا یہ بیان ضلع کشتواڑ میں 850 میگاواٹ رَیٹل ہائیڈرو الیکٹرک پاور پروجیکٹ پر کام کرنے والی کمپنی کی جانب سے لگائے گئے الزامات کے پس منظر میں سامنے آیا ہے، جس میں ایک بی جے پی ایم ایل اے پر منصوبے کے کام میں مداخلت کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ اگر اس نوعیت کا الزام ان کی حکومت کے کسی وزیر پر لگتا تو اینٹی کرپشن بیورو اب تک کارروائی کر چکا ہوتا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کشتواڑ ضلع میں صرف ایک نہیں بلکہ/6

## لیجئے اب گہرے اور گھنے کہرے کے باعث 40 پروازیں منسوخ

نئی دہلی/ یواین آئی/ دہلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر گھنے کہرے کے باعث پیر کی صبح 40 پروازیں منسوخ کرنی پڑیں جبکہ چار پروازوں کا رخ موڑ بدل دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بڑی تعداد میں پروازوں کی آمد اور روانگی میں تاخیر ہو رہی ہے۔ ہوائی اڈے کے ذرائع کے مطابق رن وے پر حدِ بصارت انتہائی کم ہونے کے سبب پروازوں میں تاخیر پیش آ رہی ہے۔ اب تک 40 پروازیں منسوخ کی جا چکی ہیں اور چار کو ڈائیورٹ کر دیا گیا ہے، جبکہ 100 سے زائد پروازوں میں تاخیر کی اطلاع ہے۔ دہلی ایئرپورٹ نے سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا ہے کہ اس/4

## پمپوش خاندان کو شدید صدمہ

### نظیر احمد بٹ صاحب کی اہلیہ کا انتقال

پمپوش خاندان کی معزز ہمشیرہ، مرحومہ جواہرہ زوجہ محترم نظیر احمد بٹ صاحب، 14 دسمبر 2025 کو اس دارِ فانی سے رخصت ہو گئیں۔ اس افسوسناک سانحے نے اہلِ خانہ اور متعلقین کو شدید رنج و غم میں مبتلا کر دیا ہے۔ مرحومہ جوائرہ، کلکتہ کے معروف تاجروں سراج الدین بٹ صاحب اور الطاف احمد بٹ صاحب (پمپوش) کی ہمشیرہ تھیں۔ وہ اپنی نیک سیرتی، شرافت اور خوش اخلاقی کے باعث خاندان اور حلق احباب میں نہایت عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھی جاتی تھیں۔ ان کی رحلت سے پمپوش خاندان ایک شفیق اور مخلص ہستی سے محروم ہو گیا ہے۔ مرحومہ کے سوگواران میں ان کے فرزند جناب طاہر بٹ صاحب اور داماد طارق صاحب بھی شامل ہیں، جو اس ناقابلِ تلافی صدمے پر غمزدہ ہیں۔ اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اس سانحہ عظیم سے جو گہرا صدمہ پمپوش خاندان کو پہنچا ہے، اللہ تعالیٰ بالخصوص مرحومہ کے شوہر محترم نظیر احمد بٹ صاحب کو صبرِ جمیل عطا فرمائے، اور تمام پسماندگان کو حوصلہ، استقامت اور اجرِ عظیم سے نوازے۔ آمین

## محکمہ فائر اینڈ ایمرجنسی میں 103 اہلکاروں کی خدمات کو برخاست کرنے کا حکم

### سال 2020ء کی بھرتی مہم میں ان کا انتخاب دھوکہ دہی اور ہیرا پھیری سے ہوا تھا/ تحقیقاتی رپورٹ

سرینگر/ کے این ایس/ جموں و کشمیر انتظامیہ نے پیر کو فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ سے 103 اہلکاروں کی کی خدمات کو برخاست کیا ہے کیوں کہ سال 2020 کی بھرتی مہم میں ان کا انتخاب دھوکہ دہی اور ہیرا پھیری سے ہوا تھا۔ اس دوران مکمل تحقیقات کے بعد یہ فیصلہ لیا گیا ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق سرکاری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ بھرتی کے عمل کے دو مرحلوں کے امتحان کے بعد لیا گیا تھا پہلے محکمانہ انکوائری کے ذریعے اور بعد میں انسداد بدعنوانی بیورو (ACB) کے ذریعے کی گئی مجرمانہ تحقیقات کے ذریعے۔ حکومت نے کہا کہ دونوں عمل سنگین طریقہ کار اور مجرمانہ خلاف ورزیوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ دسمبر 2022 میں قائم کی گئی انکوائری کمیٹی کو فائر مین اور فائر مین ڈرائیوروں کے انتخاب سے متعلق شکایات کا جائزہ لینے کا کام سونپا گیا تھا۔ اس کی جانچ پڑتال کے دوران، پینل نے بے ضابطگیاں پائی جن میں امتحانی پرچوں کا لیک ہونا، تشخیص میں مداخلت اور ریکارڈ میں ہیرا پھیری شامل ہے۔ ان نتائج کی بنیاد پر، کمیٹی نے مجرمانہ تحقیقات شروع کرنے کا مشورہ دیا۔ اس کے بعد اے سی بی نے جنوری 2025 میں ایک کیس درج کیا اور تکنیکی اور دستاویزی تحقیقات کیں۔ سرکاری نتائج کے مطابق، تفتیش کاروں نے OMR شیٹس میں چھیڑ چھاڑ، اسکین شدہ جوابی اسکرپٹس میں رد و بدل، ڈیجیٹل ڈیٹا میں تبدیلی اور میرٹ لسٹوں میں ہیرا پھیری کا پتہ لگایا۔ تحقیقات سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ 106 امیدواروں نے سمجھوتہ کرنے والے عمل سے فائدہ اٹھایا ہے اور انہیں بڑھے ہوئے نمبروں سے نوازا گیا ہے۔ حکومت نے کہا کہ یہ/5

